# درخواست برائے اظہار دلچسپی

## (زرعی اور ماحولیاتی سیاحت کے فروغ کے لیے مالی اور تکنیکی معاونت)

اکنامک ٹرانسفارمیشن انیشی ایٹو گلگت بلتستان (ETI-GB) حکومت گلگت بلتستان کا ایک اہم پروگرام ہے، جسے حکومت گلگت بلتستان، IFAD اور اطالوی وزارت خارجہ و بین الاقوامی تعاون بذریعہ اطالوی ایجنسی برائے ترقیاتی تعاون (AICS) مشترکہ طور پر مالی معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ یہ پروگرام دیہی گھرانوں کی آمدنی کو بہتر بنانے اور گلگت بلتستان میں غربت اور غذائی قلت کو کم کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اور اس پروگرام کے تحت ایک لاکھ دیہی گھروں کو فائدہ پہنچانے کا ہدف ہے۔

گلگت بلتستان رورل سپورٹ پروگرام (GBRSP) ای ٹی آئی کے ویلیو چین منصوبوں اور گرانٹس کے عمل درآمد کے شراکت دار کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ اسی سلسلے میں ای ٹی آئی گلگت بلتستان (ETI-GB) کی مالی معاونت سے گلگت بلتستان رورل سپورٹ پروگرام (GBRSP) زرعی اور ماحولیاتی سیاحت اور اس سے جڑے کاروبار کو فروغ دینے اور اس کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کے لئے ای ٹی آئی پروگرام کے تحت گرانٹ فراہم کیا جا رہا ہے۔

اس گرانٹ کی فراہمی کا بنیادی مقصد گلگت بلتستان میں زرعی اور ماحولیاتی سیاحت کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے سیاحت کی ویلیو چین کو مضبوط بنانا ہے۔ اس کے ذریعے خطے کے قدرتی، ثقافتی اور زرعی وسائل کو بہتر طور پر استعمال کیا جائے گا تاکہ دیہی روزگار بڑھے، ماحول کا تحفظ ہو، زرعی مصنوعات کی قدر اور پیداوار میں اضافہ ہو اور دیہی کمیونٹیز کی سماجی و معاشی ترقی کو مستحکم بنیادوں پر استوار کیا جا سکے۔ ویلیج ایگریکلچر کوآپریٹو سوسائٹیز (VACs) زراعت اور سیاحت کے شعبوں کو مربوط اور مضبوط بنانے کے لیے مرکزی کردار ادا کر رہی ہیں

اس مقصد کے لیے ای ٹی آئی کے زیر انتظام تشکیل کردہ ویلیج ایگریکلچر کوآپریٹو سوسائٹیز (VACs) اور ان کے ساتھ منسلک (رجسٹرڈ) ممبرز اور VAC کے ممبر گروپس سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

## اہلیت کے معیار:

### ا۔ شرائط برائے ویلیج ایگریکلچر کوآپریٹو سوسائٹیز

1۔ VAC کی تشکیل ETI-GB کے ذریعے کی گئی ہو اور باقاعدہ کواپریٹو ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ ہو۔

2۔ رجسٹریشن کی تجدید 26-2025 تک ہو۔

3۔ سال 26-2025 میں AGM منعقد کی گئی ہو اور نیا بورڈ آف ڈائریکٹرز منتخب کیا گیا ہو۔

4۔ VAC مکمل فعال ہو اور زرعی سرگرمیوں میں عملی طور پر مصروف ہو۔ اور خاطر خواہ زرعی کاروباری اہداف حاصل کیا ہو۔

5۔ مالی سال 25-2024 کی آڈٹ رپورٹ موجود ہو۔

6- VAC نے کم از کم دس فیصد ریوالونگ فنڈ ( Revolving Fund) یا پے بیک (Payback) جمع کیا ہو۔

7۔ ویلیج ایگریکلچر کوآپریٹو سوسائٹیز کی جانب سے تجویز کردہ کاروباری منصوبہ ان کی زرعی پیداوار، اور سیاحتی شعبے کی ضروریات اور فروغ سے ہم آہنگ ہونا چاہیے تاکہ وی اے سیز (VACs) کے ساتھ منسلک زمینداروں کو زیادہ فائدہ پہنچ سکیں۔

## ۲۔ شرائط برائے انفرادی درخواست دہندگان اور وی اے سی ممبر گروپس

ا۔ درخواست دہندگان وی اے سی (VAC) کے رجسٹرڈ ممبر ہوں۔
۲۔ درخواست دہندگان کے پاس قابل عمل اور عملی کاروباری منصوبہ اور اس سے متعلق عملی تجربہ ہو۔
۳۔ ای ٹی آئی کے ساتھ شراکت داری میں سرمایہ کاری کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں اور 30 فیصد مالی شراکت داری فراہم کرنے پر بھی رضامند ہوں۔
۴۔ اپنے گاؤں اور مقامی کمیونٹی کے لیے فائدہ پہنچانے میں سنجیدہ ہو۔
۵۔ افراد یا گروپس اپنی ویلیج ایگریکلچر کوآپریٹو کے ساتھ منافع کی شراکت کے ماڈل پر شراکت داری قائم کرنے کے لیے تیار ہوں-
۶-درخواست گزار کے لیے ضروری ہے کہ VAC کی طرف سے تجویز کردہ ہو.

## درخواست دینے کے طریقہ کار:

مذکورہ شرائط پر پورا اترنے والی VACs اور ان کے ممبران ، گلگت بلتستان رورل سپورٹ پروگرام کے ڈویژنل اور ضلعی دفاتر سے درخواست فارم حاصل کرسکتے ہیں۔
اس کے علاوہ درخواست فارم ETI-GB اور GBRSP کے ویب سائٹس (www.etigb.com.pk & gbrsp.org.pk) سے بھی ڈاون لوڈ کیا جاسکتا ہے۔
مکمل درخواست فارم مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ GBRSP کے ڈویژنل اور ضلعی دفاتر میں جمع کرنے کی آخری تاریخ 7 ستمبر 2026 ہے۔

**ادارے کو کسی بھی درخواست کو منظور یا مسترد کرنے کا حق حاصل ہے۔ منصوبے پر عمل درآمد فنانسرز سے فنڈ کی دستیابی اور منظوری سے مشروط ہے صرف شارٹ لسٹڈ اور مذکورہ اشرائط پر اُترنے والی اہل درخواست گزاروں سے رابطہ کیا جائے گا۔**